Series : CQQPP/2

SET ~ 2

رول نمبر

Roll No.

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

Q.P. کوڈ

Q.P. Code **48/2/2**

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

| نوٹ / NOTE : |
|---|
| (i) جانچ لیجئے کہ اس سوالنامے میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 8 (بشمول نقشہ) ہے۔ Please check that this question paper contains 8 printed pages (Including **Map**). |
| (ii) طالب علم کو سوالنامے کے اوپر دائیں طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر جوابی کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہے۔ Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate. |
| (iii) جانچ لیجئے کہ اس سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 13 ہے۔ Please check that this question paper contains **13** questions. |
| (iv) **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے سوالنامے کے مطابق سوال کا نمبر جوابی کاپی میں لکھئے۔ Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.** |
| (v) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 بجے سے 10.30 بجے تک تلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقت کے دوران طلباء سوالنامے کے سوالات کے جوابات لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔ 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the candidates will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period. |

*

# سوشیل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

(Urdu Version)

مقررہ وقت: 2 گھنٹے

*Time allowed : 2 hours*

کل نمبر: 40

*Maximum Marks : 40*



ZOLLEGE.in

عام ہدایات:

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور ان پر عمل کیجیے:

(i) اس سوال نامہ میں کل 13 سوال ہیں۔ تمام سوال کرنے لازمی ہیں۔

(ii) سوالنامہ پانچ حصوں A ، B ، C ، D اور E میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(iii) حصہ-A میں سوال نمبر 1 سے 5 تک بہت چھوٹے جواب کے سوالات (Very Short Answer type questions) ہیں۔ ہر ایک سوال 2 نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ-B میں سوال نمبر 6 سے 8 تک چھوٹے جواب کے سوالات (Short Answer type questions) ہیں۔ ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔

(v) حصہ-C میں سوال نمبر 9 اور 10 لمبے جواب کے سوالات (Long Answer type questions) ہیں۔ ہر ایک سوال 5 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 120 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) حصہ-D میں سوال نمبر 11 اور 12 کیس پر مبنی سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے۔

(vii) حصہ-E میں سوال نمبر 13 نقشہ کا سوال 3 نمبر کا ہے۔ یہ دو پارٹ میں تقسیم ہے - 13.1 ہسٹری (1 نمبر) کا اور 13.2 جغرافیہ (2 نمبر) کا ہے۔

(viii) اس سوالنامے میں الگ سے انتخاب کرنے (Overall Choice) کا کوئی سوال نہیں دیا گیا ہے۔ پھر بھی کچھ سوالوں میں اندرونی انتخاب (Internal Choice) دیے گئے ہیں۔ ایسے سوالوں میں سے آپ کو صرف ایک سوال کا جواب لکھنا ہے۔

## حصّہ – A

### (بہت چھوٹے جواب کے سوالات) $2 \times 5 = 10$

1. کوئی دو وجوہات بیان کیجیے، جن کی وجہ سے عدم تعاون تحریک (Non-Cooperation Movement) شروع ہوئی۔ 2

2. المونیم اسملٹنگ اور اس سے متعلقہ دھات ہندوستان کی دھات سے متعلق دوسری سب سے بڑی صنعت کیوں ہے؟ وضاحت کیجیے۔ 2



ZOLLEGE.in

3. درج ذیل اقتباس (ماخذ) کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 2

**مکان کے لیے قرض**

میگھا نے ایک مکان خریدنے کے لیے بینک سے 5 ₹ لاکھ قرض لیا ہے۔ قرض پر سالانہ شرح سود 12 فی صد ہے اور ماہانہ قسطوں میں 10 سال کے عرصے میں یہ قرض چکانا ہے۔ میگھا نے بینک میں دستاویز داخل کیا تھا جس میں اس کے روزگار سے متعلق ریکارڈوں اور تنخواہ کو دکھایا گیا تھا۔ اس سے پہلے بینک نے اسے قرض دینے کی منظوری دی تھی۔ بینک نے نئے مکان کے کاغذات ضمانت کے طور پر رکھ لیے، جسے میگھا کو تب ہی واپس کیا جائے گا جب وہ پورے قرض کو سود کے ساتھ واپس کر دے گی۔

3.1 میگھا نے کس طرح کے ماخذ (source) سے قرض لیا ہے؟ 1

3.2 اس ماخذ میں دی گئی قرض کی شرط کو بیان کیجیے۔ 1

4. حکومت تشکیل دینے والی اور حزب اختلاف سیاسی پارٹی میں فرق بتائیے۔ 2

5. خام مواد کی بنیاد پر صنعتوں کی درجہ بندی کیجیے۔ 2

## حصّہ - B

**(چھوٹے جواب کے سوالات)** $3 \times 3 = 9$

6. سیاسی پارٹیوں کا عروج سیدھے طور پر نمائندہ جمہوریتوں (representative democracies) کے ظہور سے کس طرح جڑا ہوا ہے؟ جانچ کیجیے۔ 3

7. 'سول نافرمانی تحریک' (Civil Disobedience Movement) میں مختلف سماجی گروپوں نے کیوں حصہ لیا؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ 3

8. (a) بینک کچھ-ایک ادھار لینے والوں کو قرض کیوں نہیں دیتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔ 3

**یا**

(b) ''خود امدادی گروپ'' (Self Help Group) کے کاموں کو بیان کیجیے۔ 3



ZOLLEGE.in

## حصّہ - C

### (لمبے جواب کے سوالات)

5 × 2 = 10

.9 (a) ''جمہوریت کسی اور متبادل نظام حکومت کے مقابلہ زیادہ بہتر ہے۔''اس قول کا جواز پیش کیجیے۔ 5

یا

(b) ''جمہوریت ایک جواب دہ، ذمہ دار اور قانونی حکومت ہے۔''اس قول کا جواز پیش کیجیے۔ 5

.10 (a) ''ٹکنالوجی گلوبلائزیشن کی جدید شکل میں ایک اہم قوت ہے۔'' مناسب مثالیں دے کر اس قول کی وضاحت کیجیے۔ 5

یا

(b) ''گلوبلائزیشن کا اثر یکساں نہیں رہا ہے۔'' مناسب مثالوں کے ساتھ اس قول کی وضاحت کیجیے۔ 5

## حصّہ - D

### (کیس پر مبنی سوالات)

4 × 2 = 8

.11 درج ذیل کیس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 4

### سیاحت

ہندوستان میں سیاحت نے گذشتہ تین عشروں میں کافی ترقی کی ہے۔ ملک میں 15 ملین سے زیادہ لوگ سیاحت کی صنعت سے جڑے ہیں۔ سیاحت بھی ملکوں کے اتحاد، علاقائی دستکاری اور ثقافتی پیشوں کو بڑھاتی ہے۔ یہ بین الاقوامی سطح پر آپسی بھائی چارگی اور میل جول کو بھی بڑھاتا ہے۔ غیر ممالک کے سیاح ہندوستان میں وراثت کی سیاحت، تہذیبی عمارات کی سیاحت، ماحولیاتی سیاحت، مہماتی سیاحت، ثقافتی سیاحت، طبّی سیاحت اور تجارتی سیاحت کے لیے آتے ہیں۔



ZOLLEGE.in

ملک کے مختلف حصوں میں سیاحت کی ترقی کے پورے امکانات ہیں۔ سیاحت کی صنعت کی ترقی کے لیے مختلف قسم کی سیاحت کو فروغ دینے کے لیے کوشش کی جارہی ہے۔

11.1 سیاحت کی اہمیت بیان کیجیے۔ 1

11.2 'وراثت کی سیاحت' (Heritage-Tourism) کی کوئی ایک مثال دیجیے۔ 1

11.3 ہندوستان میں سیاحت میں اصلاح (سدھار) کرنے کے فائدوں کا تجزیہ کیجیے۔ 2

12. درج ذیل کیس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 4

## نیشنلزم ہندوستان میں

یورپ میں جدید نیشنلزم کو نیشن اسٹیٹس کی تشکیل سے منسلک سمجھا گیا۔ ساتھ ہی اس کا مطلب ان معاملات میں لوگوں کی سمجھ میں تبدیلی بھی تھا کہ وہ کون تھے اور کیا چیز ہے جو ان کی شناخت اور ان کے رشتوں کا تعین کرتی ہے۔ نئی علامتوں، نئے بتوں (Icons)، نئے گیتوں اور نئے نظریات و خیالات نے نئے رشتے استوار کیے اور سماجوں کی حدود کو از سر نو متعین کیا۔ اکثر ملکوں میں اس نئی قومی شناخت کی تشکیل کا عمل ایک طول طویل عمل تھا۔ یہ شعور ہندوستان میں کیسے وجود میں آیا؟

دوسرے بہت سے ملکوں کی طرح ہندوستان میں بھی جدید نیشنلزم کا بڑا قریبی تعلق نوآبادکاری مخالف تحریک سے رہا ہے۔ نوآبادیاتی نظام کے خلاف اپنی جدوجہد کے دوران ان لوگوں نے اپنی یکجہتی اور اپنے اتحاد کو پہلی بار دریافت کرنا شروع کیا۔ نوآبادیاتی نظام کی سخت گیری کے احساس نے درد کا ایک ایسا مشترکہ رشتہ استوار کر دیا، جس نے متعدد مختلف گروہوں کو ایک دوسرے سے باندھ دیا۔ مگر ہر طبقے اور ہر گروہ نے نوآبادیاتی نظام کے اثرات کو مختلف انداز سے محسوس کیا ان کے تجربے متنوع تھے اور آزادی کے تصورات بھی ہمیشہ ایک سے ہی نہیں ہوتے تھے۔ مہاتما گاندھی کے زیر اثر کانگریس نے ان گروہوں کو ایک تحریک میں ساتھ لانے کی کوشش کی مگر یہ اتحاد تنازعات سے چھٹکارا نہیں حاصل کر سکا۔

12.1 نیشن (Nation) کے بارے میں لوگوں کی سمجھ کیا تھی؟ 1

12.2 جدید نیشنلزم کے فروغ و نشوونما کا قریبی تعلق نوآبادکاری مخالف تحریک سے کس طرح تھا؟ 1

12.3 ہندوستان کے لوگوں میں مشترکہ اپنے پن کا احساس کس طرح پیدا ہوا؟ وضاحت کیجیے۔ 2



ZOLLEGE.in

## حصّہ - E

## (نقشے کا سوال)

1 + 2 = 3

13.1 ہندوستان کے دیے گئے سیاسی خاکے کے نقشے پر 'A' مارک کیا گیا ہے۔ درج ذیل معلومات کی مدد سے اس جگہ کو پہچانئے اور اس کا صحیح نام نقشے میں کھینچی گئی لائین پر لکھیے۔

(A) وہ جگہ جہاں ستمبر 1920 میں انڈین نیشنل کانگریس کا سیشن ہوا تھا۔ 1

13.2 ہندوستان کے دیے ہوئے اسی سیاسی خاکے کے نقشے پر درج ذیل کو تلاش کیجیے اور ان کے نام لکھیے :

I. (a) راما گنڈم تھرمل پلانٹ 1

**یا**

(b) پونہ سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک 1

II. چنئی (مینم بکم) بین الاقوامی ہوائی اڈا 1

**نوٹ: درج ذیل سوال صرف نابینا طلبا اور طالبات کے لیے سوال نمبر 13 کے بدلے:**

13.1 اس ریاست کا نام لکھیے جہاں جلیاں والا باغ قتل عام ہوا۔ 1

13.2 (a) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں راما گنڈم تھرمل پلانٹ واقع ہے۔ 1

**یا**

(b) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں پونہ سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک واقع ہے۔ 1

13.3 اس ریاست کا نام لکھیے جہاں چنئی (مینم بکم) بین الاقوامی ہوائی اڈا واقع ہے۔ 1


---



ZOLLEGE.in

سوال نمبر 13 کے لیے نقشہ

Map for Q. No. 13




یہاں سے کاٹیں ---- Cut Here ---- یہاں سے کاٹیں ---- Cut Here

ZOLLEGE.in



ZOLLEGE.in

*



ZOLLEGE.in